# سندھ ایکٹ نمبر XXVII مجریہ 2016

# SINDH ACT NO.XXVII OF 2016

# سندھ ہتھیار (ترمیم) ایکٹ، 2016

# THE SINDH ARMS (AMENDMENT) ACT, 2016

## فہرست (CONTENTS)

تمہید(Preamble)

دفعات

1. مختصر عنوان اور شروعات

Short Title and commencement

2. 2013کے سندھ ایکٹ نمبر V کی دفعہ 4 کی ترمیم

Amendment in section 4 of Sindh Act.No.V of 2013

# سندھ ایکٹ نمبر XXVII مجریہ 2016
# SINDH ACT NO. XXXVII OF 2016
# سندھ ہتھیار (ترمیم) ایکٹ۔ 2016
# THE SINDH ARMS
# (AMENDMENT) ACT, 2016

[17 اکتوبر2016 ]

ایکٹ جس کے ذریعے سندھ ہتھیار ایکٹ، 2013 میں ترمیم کیجائے گی۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ سندھ ہتھیار ایکٹ ، 2013 میں ترمیم کرنا ضروری ہوگیا ہے،
جو کی اس طرح سے ہوگی،
اس کو اس طرح سے عمل میں لایا جائے گا:

مختصر عنوان اور شروعات۔ Short Title and commencement

1.(1) اس ایکٹ کوسندھ ہتھیار(ترمیم)ایکٹ،2016 کہا جائے گا۔

(2) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

2013 کے سندھ ایکٹ نمبر V کی دفعہ 4 کی ترمیم۔

2. مذکورہ سندھ ہتھیار ایکٹ میں، دفعہ 4 کے بعد مندرجہ ذیل نئی دفعہ شامل کی جائے گی:

Amendment in section 4 of Sindh Act.No.V of 2013

"4-A بلیسٹک سگنیچر (1) ہتھیاروں کا ڈیلر، خرید کرنے والے سے نادرا کی طرف سے تصدیق شدہ انگوٹھے کا نشان لے کر اور اس کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقل لے کر اور دوسری تفصیلات جو کہ وقتاً فوقتاً بیان کی جائیں گی اور ریکارڈ رکھنے کے لیئے فارنزاک لیب کی طرف بھیجنے کو یقینی بنایا جائے گا۔

(2) ہتھیاروں کا ڈیلر کوئی ہتھیار فروخت کرنے کے فوری بعد بئلیسٹک سگنیچر کی رجسٹریشن کے لیئے خرید کردہ ہتھیار میں سے فائر کردہ دو خالی خول فارنزاک لیب کو فراہم کرے گا۔

(3) ہتھیاروں کا ڈیلر ہتھیاروں کو فارنزاک لیب میں رجسٹر کرانے کے ساتھ تمام تفصیل جو کہ بشمول ڈیلرز، بنائی گئی، رسیدوں ماڈل، نمبر اور بئلیسٹک سگنیچر کی تفصیلات وغیرہ کے رجسٹر کرنے کو یقینی بنائے گا۔

(4) فارنزاک لیب میں عملدار خرید کردہ ہتھیار میں سے فوری طور فائر کردہ دو خالی خول یا گولیاں جمع کرے گا اور ریکارڈ رکھے گا۔

(5) رجسٹریشن مکمل ہونے کے بعد خرید کرنے والے کو ہتھیار رکھنے اور ہتھیار کی مزید رجسٹریشن کے عمل کی اجازت دی جائے گی۔

**نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لئے ہے، جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جاسکتا۔**